ورک شیٹ برائے سبق ۲۱

# ہمارا وطن

ا۔ عبارت پڑھیے اور سوالات کے جوابات لکھیے۔

لاہور پاکستان کا دوسرا بڑا شہر ہے اور صوبہ پنجاب کا دارالحکومت ہے۔ یہ شہر دریائے راوی کے کنارے واقع ہے۔ لاہور کو ''پاکستان کا دل'' بھی کہا جاتا ہے کیونکہ یہ ملک کا ثقافتی اور تاریخی مرکز ہے۔ یہاں کئی مشہور تاریخی مقامات موجود ہیں، جیسے بادشاہی مسجد، شالامار باغ، اور شاہی قلعہ۔ یہ شہر ادب، فن، اور موسیقی کا گہوارہ بھی ہے۔ یہاں کے لوگ مہمان نواز اور خوش مزاج ہوتے ہیں۔ لاہور کا کھانے بہت مشہور ہے، خاص طور پر لاہوری چکن، نہاری اور پائے۔ یہاں کے بازار جیسے انارکلی اور لبرٹی بہت مشہور ہیں۔ لاہور میں جدید عمارتیں اور شاپنگ مالز بھی موجود ہیں، جیسے ایم ایم عالم روڈ اور پیکجز مال۔شہر میں میٹرو بس اور اورنج لائن ٹرین جیسے جدید سفری نظام بھی موجود ہیں۔لاہور میں موسم گرم ہوتا ہے، لیکن سردیوں میں یہاں کا موسم خوشگوار ہو جاتا ہے۔ یہاں کے پارک، جیسے جیلانی پارک اور ریس کورس پارک، لوگوں کو تفریح کا موقع فراہم کرتے ہیں۔

تفہیمی سوالات:

(ا) لاہور کو ''پاکستان کا دل'' کیوں کہا جاتا ہے؟

(ب) لاہور کے کون سے تاریخی مقامات سیاحوں کے لیے مشہور ہیں؟

(ج) لاہور کے مشہور کھانوں میں سے دو کے نام لکھیں۔

(د) لاہور شہر میں کون کون سے جدید سفری نظام موجود ہیں؟

(ہ) اگر آپ کبھی لاہور جائیں تو وہاں جا کر کیا کریں گے؟ کوئی سی تین باتیں لکھیے۔

۲۔ تصویر دیکھ کر شہر کا نام لکھیے۔



